# نہم لاہور بورڈ 2011

تاریخ اسلام — پرچہ I (انشائیہ طرز)

وقت: 2.10 گھنٹے — کل نمبر: 60

## (حصہ اول)

نوٹ: سوال نمبر 2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے اٹھارہ (18) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔
جواب لکھتے وقت سوال کا نمبر اور اس کا جز ضرور لکھیے۔ ہر جز کے 2 نمبر ہیں۔ 36

-2 (i) ورقہ بن نوفل کون تھا؟
(ii) میثاق مدینہ کن فریقین کے درمیان ہوا؟
(iii) فتنہ ارتداد کیا تھا؟
(iv) جیل خانے کس خلیفہ اسلام کے عہد میں بنے تھے؟
(v) عبداللہ بن ابی کون تھا؟
(vi) ہجرت مدینہ سے قبل مدینہ کا نام کیا تھا؟
(vii) غزوہ تبوک کن کے خلاف لڑا گیا؟
(viii) تین مظلوم مسلمانوں کے نام بتائیے جن کی قیمت ادا کر کے حضرت ابوبکر صدیقؓ نے انہیں آزادی دلوائی۔
(ix) غزوہ خندق میں مشرکین میدان چھوڑ کر کیوں بھاگ گئے؟

-3 (i) فتح مکہ کے موقع پر کن لوگوں کو امان دی گئی؟
(ii) حجتہ الوداع کے موقع پر غلاموں کے بارے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ارشاد فرمایا؟
(iii) حضرت ابوبکر صدیقؓ کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟
(iv) حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں کتنے صوبے تھے؟
(v) حضرت امام حسنؓ خلافت سے دستبردار کیوں ہوئے؟
(vi) حضرت علیؓ کا دور خلافت کتنے عرصہ پر محیط ہے؟
(vii) پہلی وحی کے نزول پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا کیفیت تھی؟
(viii) ذمی کون تھے؟
(ix) کاتب دیوان کی ذمہ داری کیا تھی؟

-4 (i) حضرت عثمان غنیؓ نے جنگ بدر میں کیوں شرکت نہ فرمائی؟
(ii) ابوتراب کس شخصیت کا لقب ہے؟
(iii) جزیہ سے کیا مراد ہے؟
(iv) باغ فدک کا مسئلہ کیا تھا؟
(v) میثاق مدینہ میں مدینہ شہر کو کیا درجہ دیا گیا؟
(vi) غزوہ بدر میں ابولہب نے کیوں شرکت نہ کی؟
(vii) حضرت عمرؓ کے زمانے میں ہر سپاہی کو کتنے دن کی رخصت دی جاتی تھی؟
(viii) غار حرا کا مختصر تعارف بیان کیجیے۔
(ix) بیعت الرضوان کیوں لی گئی؟

## (حصہ دوم)

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔

-5 سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک جامع نوٹ لکھیے۔ 8
-6 اسلام سے قبل عرب کی معاشرتی اور مذہبی حالت کیا تھی؟ 8
-7 ہجرت مدینہ کے اسباب بیان کیجیے۔ 8
-8 حضرت ابوبکر صدیقؓ کے عہد کے اہم واقعات پر روشنی ڈالیے۔ 8
-9 صلح حدیبیہ کی اہمیت تفصیل سے بیان کیجیے۔ 8

www.ilmkidunya.com